آپ کو نیویارک اسٹیٹ میں مقامی پابندیوں کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے

نیو یارک سٹی (NYC) میں COVID-19 کا پھیلاؤ پریشان کن اضافے کے ساتھ جاری ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ (NYS) کلسٹر ایکشن اقدام ان علاقوں میں پابندیوں کا تقاضا کرتا ہے جن کی اسٹیٹ نے زیادہ منتقلی والے زونز کے طور پر نشاندہی کی ہے۔ زون سرخ، نارنجی یا پیلے ہو سکتے ہیں، جبکہ ہر رنگ پر مختلف پابندیوں کا اطلاق ہوتا ہے۔

کلسٹر ایکشن اقدام کے بارے میں مزید معلومات، بشمول میٹرکس کی معلومات، اور یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ کا کاروبار اسٹیٹ کی جانب سے "ضروری" قرار دیا گیا ہے، NYS کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

اپنا زون تلاش کرنے کے لیے، nyc.gov/covidzone ملاحظہ کریں۔ تازہ ترین احکامات کے لیے، براہ کرم اس ویب سائٹ کو باقاعدگی سے ملاحظہ کرتے رہیں۔

آپ کے شعبے پر لاگو ہونے والے کاروبار کو دوبارہ کھولنے کے تقاضوں کے بارے میں جاننے کے لیے، NYS نیو یارک فارورڈ کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ اضافی رہنمائی کے لیے، NYC محکمہ صحت اور NYC کاروبار کی ویب سائٹس ملاحظہ کریں۔

نیو یارک سٹی اسکولوں کے بارے میں مزید رہنمائی کے لیے، محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت کی ویب سائٹس ملاحظہ کریں۔

نیو یارک کے تمام باشندے COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد کے لیے کچھ آسان اقدامات کر سکتے ہیں:

- **گھر پر رہیں:** اگر آپ تندرست محسوس نہیں کر رہے ہیں یا حال ہی میں آپ کا COVID-19 کا مثبت ٹیسٹ آیا ہے، کسی ایسے شخص کے ساتھ قریبی رابطے میں رہے ہیں جس کو COVID-19 ہے، یا سفر کر رہے تھے، تو گھر پر ہی رہیں۔ آپ ضروری طبی نگہداشت اور دیگر ضروری کاموں کے لئے گھر سے باہر جا سکتے ہیں۔
- **جسمانی فاصلہ:** چاہے آپ نے چہرے پر نقاب پہنا ہو تو بھی دوسروں سے کم از کم 6 فٹ کے فاصلے پر رہیں۔ بڑے اجتماعات، خاص طور پر اندون خانہ مجالس میں شرکت نہ کریں۔
- **چہرے پر نقاب پہنیں:** اپنے ارد گرد کے لوگوں کی حفاظت کریں۔ آپ علامات کے بغیر بھی متعدی ہوسکتے ہیں اور اس وقت بیماری پھیلا سکتے ہیں جب آپ کھانستے، چھینکتے، بات کرتے یا سانس لیتے ہیں۔ چہرے کے نقاب جب صحیح طرح سے پہنے جائیں (آپ کی ناک اور منہ دونوں کو ڈھانپے) تو یہ COVID-19 کے پھیلاؤ کو کم کرتے ہیں۔
- **ہاتھوں کی صحت مند حفظان صحت پر عمل کریں:** اپنے ہاتھوں کو اکثر صابن اور پانی سے دھوئیں اور اگر صابن اور پانی دستاب نہ ہوں تو ہینڈ سینیٹائزر استعمال کریں؛ بار بار چھونے والی سطحوں کو باقاعدگی سے صاف کریں؛ ان دھلے ہاتھوں سے اپنے چہرے کو چھونے سے پرہیز کریں، اور کھانسی اور چھینکوں کو اپنے ہاتھوں کی بجائے اپنی بازو سے ڈھانپیں۔
- **ٹیسٹ کروائیں:** اپنے قریب ٹیسٹ کروانے کی سائٹ تلاش کرنے کے لیے nyc.gov/covidtest ملاحظہ کریں یا 212-268-4319 پر کال کریں۔ ٹیسٹنگ بہت ساری سائٹس پر بغیر کسی لاگت کے فراہم کی جاتی ہے، بشمول NYC ہیلتھ + ہسپٹلز اور NYC محکمہ صحت کے تحت چلنے والی تمام سائٹس۔

COVID-19 کے بارے میں عمومی معلومات کے لیے nyc.gov/health/coronavirus ملاحظہ کریں۔ اسٹیٹ کے COVID-19 رسپانس کے بارے میں اپ ڈیٹس کے لیے، coronavirus.health.ny.gov ملاحظہ کریں۔

صورتحال کے ارتقاء کو مدنظر رکھتے ہوئے نیویارک سٹی سفارشات تبدیل کر سکتا ہے۔ 12.16.20